© rasailojaraid.com



● **شیخ الحدیث مولانا نذیر احمد رحمۃ اللہ علیہ:** جامعہ امدادیہ فیصل آباد کے مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا نذیر احمد ۳/ جولائی ۲۰۰۴ء کو انتقال فرما گئے۔ مرحوم اعلیٰ درجے کے مدرس و منتظم، واعظ اور صوفی منش بزرگ تھے۔ تمام عمر قرآن و حدیث کی تعلیم میں صرف کی۔ ایک طویل عرصہ جامعہ خیر المدارس ملتان میں بھی تدریسی خدمات انجام دیں۔ حضرت مولانا خیر محمد جالندھری قدس سرہٗ کی صحبتوں سے بے پناہ فیض پایا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرما کر اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ ان کے چھوڑے ہوئے دینی ورثہ کو کامیابیوں سے ہمکنار کرے۔ (آمین)

● **سید امیر علی شاہ بخاری مرحوم:** مجلس احرار اسلام کے سابق رکن شوریٰ ۱۰/ جولائی ۲۰۰۴ء کو ڈیرہ غازی خان میں انتقال کر گئے مرحوم نے مجلس احرارِ اسلام میں رہتے ہوئے انتہائی خلوص و ایثار کے ساتھ تمام دینی تحریکوں میں حصہ لیا۔

● **پیر سید عبدالستار شاہ رحمہ اللہ:** بستی بدلی شریف ضلع رحیم یار خان کی ممتاز روحانی شخصیت اور مجلس احرارِ اسلام کے سرپرست و معاون تھے۔ خاندانِ امیر شریعت سے قلبی محبت تھی۔ احرار کو ہمیشہ ان کی محبت اور تعاون حاصل رہا۔ گزشتہ دو سال سے بیمار تھے۔ ۷/ جولائی ۲۰۰۴ء کو رحلت فرما گئے ان کی عمر ۶۸ برس تھی ان کے والد ماجد حضرت پیر سید غلام سرور شاہ صاحب رحمہ اللہ بھی مجلس احرارِ اسلام سے وابستہ تھے ان کے جانشین ہونے کی حیثیت سے سال میں دو مرتبہ اپنے ڈیرے پر جماعت کا جلسہ کراتے۔ جانشینِ امیر شریعت سید ابوذر بخاری قدس سرہٗ اور حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری نور اللہ مرقدہٗ ہمیشہ ان کے ہاں جلسہ میں خطاب فرماتے۔ اور اب قائدِ احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ بھی ان کے ہاں تشریف لے جاتے۔

آپ کی نمازِ جنازہ حضرت میاں مسعود احمد دین پوری مدظلہٗ نے پڑھائی علاقہ میں اتنا بڑا جنازہ کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، پروفیسر خالد شبیر احمد، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، مجلس احرارِ اسلام ضلع رحیم یار خان کے رہنماؤں، مرزا عبدالقیوم بیگ، حافظ محمد اشرف' مولوی بلال احمد، صوفی محمد اسحٰق، مولوی فقیر اللہ رحمانی، حافظ عطاء الرحمٰن اور مولوی عبدالرحیم نیاز کے علاوہ تمام احرار کارکنوں نے پیر سید عبدالستار شاہ صاحب کے انتقال پر ان کے فرزان' سید محمد ابراہیم شاہ صاحب اور سید محمد عثمان شاہ صاحب اور تمام لواحقین و پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور دعاءِ مغفرت کی ہے۔

● **اہلیہ مرحومہ حضرت مولانا محمد رمضان علوی رحمۃ اللہ علیہ:** تحریک تحفظ ختم نبوت اور مجلس احرارِ اسلام کے رہنما مولانا محمد رمضان علویؒ کی اہلیہ اور حافظ عزیز الرحمٰن خورشید خطیب جامع مسجد فاروقیہ ملکوال اور ''ہفت روزہ خدام الدین'' لاہور کے سابق ایڈیٹر مولانا سعید الرحمٰن علوی (مرحوم) اور مرکزی جامع مسجد محلّہ گلشن آباد راولپنڈی کے خطیب مولانا حافظ عبدالرحمٰن علوی، حافظ عتیق الرحمٰن اور قاری ابوبکر خالد کی والدہ ماجدہ ۱۳/ جولائی ۲۰۰۴ء بمطابق ۲۴/ جمادی الاوّل ۱۴۲۵ھ بروز منگل انتقال کر گئیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- والدمرحوم بدرمنیراحرارمرحوم (خانپور) ☆ جام مظہرعلی مرحوم ماہڑہ ضلع مظفرگڑھ ۸؍جولائی
- ملک مقصودمرحوم لاہور (مجلس احرارِاسلام لاہور کے ناظم میاں محمداویس کے پھوپھا)
- بابا حافظ سَید گل مرحوم (مردان) سابق مؤذن جامع مسجد دارِ بنی ہاشم ملتان۔۱۶؍جولائی
- ہمشیرمرحومہ سیدزاہد بخاری صاحب لاہور۱۴؍جولائی ● والدہ مرحومہ حافظ محمدارشاد (مدرس مدرسہ ختم نبوت چناب نگر) ۲۴؍جولائی ● والدہ مرحومہ حاجی احمدحسن (محبت پور، میلسی) ۱۸؍جون

اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لیے دعاءِ مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان کے لیے صبرِ جمیل کی دعا کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ دعاءِ مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

## دعائے صحت

- مجلس احراراسلام حاصل پور کے صدر حافظ محمد کفایت اللہ شدید علیل ہیں۔ان پر فالج کا حملہ ہوا ہے۔ان کی زبان، بازو اور ٹانگ متاثر ہیں۔
- مجلس احرارِاسلام جلال پور پیروالا کے کارکن محمد عبدالرحمٰن جامی کی بیٹی اور اہلیہ۔
- ماہنامہ ''نقیبِ ختم نبوت'' کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کی بیٹی بیمار ہیں۔

قارئین سے دعاءِ صحت کی اپیل ہے۔اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔(آمین)

## جانباز مرزاؒ......حیات وادبی خدمات

تحریکِ آزادی کے نام ور کارکن اور ممتاز شاعر و ادیب جانباز مرزا مرحوم پر محمد عمر فاروق، ایم فل (اردو) کا مقالہ بعنوانِ بالا کے تحت لکھ رہے ہیں۔ (جس کی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے باضابطہ طور پر منظوری و اجازت دے دی ہے۔) جو احباب جانباز مرزا کے حالاتِ زندگی اور اُن کی تخلیقات سے متعلق معلومات رکھتے ہوں۔ نیز ان کے پاس جانباز مرحوم کی نظمیں، خطوط، مضامین اور ماہنامہ ''تبصرہ'' کے شمارے موجود ہوں، ازراہ کرم اُن کی کاپی عطا فرمائیں یا آگاہ فرمائیں۔ خود حاضر ہوکر بصد شکریہ استفادہ کیا جائے گا۔

جانباز مرزا کی درج ذیل تصنیفات تاحال دستیاب نہیں ہوسکیں۔ان کے متعلق معلومات مطلوب ہیں:

(۱) ''حبسیاتِ جانباز'' (کلام) (۲) ''اور دیکھتا چلا گیا'' (۳) ''درسِ حریت'' (کلام) (۴) ''تارِگریباں'' (کلام)

رابطہ: محمد عمر فاروق۔ 71/10 فیصل چوک تلہ گنگ، ضلع چکوال

© rasailojaraid.com